© rasailojaraid.com

# اذان سے قبل "الصلوٰۃ والسلام" پڑھنا ناجائز اور بدعت ہے

## بریلوی مسلک کے پیر حضرت جماعت علی شاہ اور مولوی احمد رضا خان کا فتویٰ

سوال: آج کل ہم اہل سنت والجماعت کی تمام مساجد میں اذان سے قبل بلند آواز سے الصلوٰۃ والسلام پڑھتے ہیں اور بعض مؤذن حضرات الصلوٰۃ والسلام سے پہلے ﴿أعوذ بالله. بسم الله﴾ اور قرآن مجید کی آیت ﴿إن الصلوة تنهى عن الفحشاء والمنكر﴾ یا کوئی اور آیت پڑھتے ہیں، اس کے بعد اذان دیتے ہیں۔ کیا ایسا کرنا جائز ہے؟

جواب: اذان سے قبل ﴿أعوذ بالله﴾ پڑھنا شریعت سے ثابت نہیں، ﴿أعوذ بالله من الشيطن الرجيم﴾ پڑھنے کا حکم صرف قرآن مجید کی تلاوت کے ساتھ خاص ہے۔ پس جب قرآن شریف پڑھنا چاہو تو ﴿أعوذ بالله﴾ پڑھ لو، اس کے علاوہ کسی چیز سے پہلے پڑھنے کا حکم نہیں اور ﴿بسم الله الرحمن الرحيم﴾ ہر نیک کام کے شروع کرنے سے پہلے پڑھنا باعث ثواب وبرکت ہے، لیکن اونچی آواز اور لاؤڈ اسپیکر میں پڑھنا فضول ہے۔ بس آہستہ پڑھنا ہی کافی ہے، قرون اولیٰ بلکہ پاکستان کے قیام سے قبل اونچی آواز سے اذان سے قبل ﴿بسم الله﴾ پڑھنے کا رواج نہیں تھا۔ دراصل اذان میں یہ اضافہ وھابیوں اور دیوبندیوں کی ضد میں یا نعت خواں قسم کے مؤذنوں نے پیدا کیا۔ تمام حضرات جانتے ہیں کہ اس سے پہلے اذان ان زائد کلمات سے خالی تھی۔ اگر ہمارے علماء کرام اس بناء پر اس کو جائز قرار دے بھی دیں کہ عوام اس راستے پر چل پڑے ہیں، تو یہ صرف جائز ہی ہوگا مستحب یا افضل نہیں ہوگا۔

باقی رہ گئی یہ بات کہ اس کے پڑھنے پر ثواب بھی ہوگا؟ ثواب تو تب ہوگا جب اس کا پڑھنا ثابت ہو۔ اعلیٰحضرت احمد رضا خان بریلوی سے جب اس کے متعلق پوچھا گیا تو انھوں نے لکھا کہ اذان کے بعد صلوٰۃ وسلام پڑھنے کی وجہ ہو سکتی ہے پہلے نہیں اور اس رسم کو جو اسلام میں ثابت ہی نہیں جہلاء بڑھاتے چلے جارہے ہیں اور پتہ نہیں علماء کرام کیوں خاموش ہیں؟ یہ ایک المیہ ہے!!!

(بحوالہ انوار الصوفیہ آستانہ عالیہ علی پور شریف قصور۔ ایڈیٹر علامہ غلام رسول گوہر ماہ جنوری ۱۹۷۸ء شمارہ نمبر ۴)


### تقسیم لٹریچر بابت مروجہ جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

۱۔ عید میلاد النبی کی شرعی حیثیت: فتویٰ مفتی اعظم سعودی عرب (کتاب) ۲۔ ولادت باسعادت اور عید میلاد: مولانا کرم الدین سلفی (کتاب) ۳۔ یوم میلاد یا یوم وفات؟ (اشتہار) ۴۔ مروجہ عید میلاد النبی کی شرعی حیثیت (اشتہار) صاحب استطاعت حضرات مبلغ دس روپے کا ڈاک ٹکٹ بھیج کر اور مستحق حضرات صرف خط لکھ کر مفت طلب فرمائیں۔ محمد یٰسین راہی مدیر ادارہ تبلیغ اسلام جام پور ضلع راجن پور فون: 0641/567218


© rasailojaraid.com